BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

فوربس (Forbes) نے سٹی آف برامپٹن کو کینیڈا کے 2020 کے بہترین آجرین میں سے ایک کے طور پر تسلیم کر لیا

برامپٹن، آن (7 فروری 2020) – جنوری 2020 کے مہینے کے دوران سٹی آف برامپٹن کو فوربس کی جانب سے کینیڈا کے 300 چوٹی کے آجرین کی فہرست میں سے *کینیڈاز بیسٹ ایمپلائرز 2020* کے طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔

2019 میں سٹی آف برامپٹن کو فوربس کی فہرست میں 66ویں نمبر پر رکھا گیا تھا۔ جبکہ 2020 میں سٹی نے ترقی کی اور 300 کی فہرست میں 48ویں نمبر پر آ گیا۔ سٹی آف اوٹاوا کے ساتھ ساتھ 50 کی فہرست میں سٹی کا شمار پہلی 50 میں سے کینیڈا کی سرکاری خدمات کے دو اداروں میں سے ایک طور پر کیا گیا۔

فوربس نے کینیڈا کے بہترین آجروں کی سالانہ درجہ بندی کرنے کے لیے، ملازمین کے ذریعے پسندیدہ کمپنیوں کی نشاندہی کرنے کے لیے مارکیٹ ریسرچ کمپنی اسٹیٹسٹا (Statista) کے ساتھ شراکت داری کی۔

یہ معلوم کرنے کے لیے کہ ملازمین دوسروں کو اپنے آجر کی کتنی سفارش کرتے ہیں، جواب دہندگان کو ایک گمنام طریقے صفر سے 10 کے پیمانے پر درجہ بندی کرنے کے لیے کہا گیا۔ اس کے بعد اسٹیٹسٹا نے ملازمین سے کہا کہ وہ اپنی تنظیموں کے علاوہ دیگر تنظیموں کو نامزد کریں۔ حتمی فہرست، جس کو کم از کم 500 ملازمین رکھنے والے کاروباری اداروں میں کام کرنے والے کینیڈا کے 8,000 ملازمین کے جوابات کی بنیاد پر مرتب کیا گیا تھا، جس میں چوٹی کے 300 آجرین کی درجہ بندی کی گئی۔

فوری حقائق

- نومبر 2019 میں، سٹی آف برامپٹن نے ایک پانچ سالہ ورک پلیس ڈائیورسٹی اینڈ انکلوژن اسٹریٹیجی اور ایک ورک پلان تیار کیا۔ اس میں ایک ایسی مزید جامع تنظیمی ثقافت کو فروغ دینے کے مواقع کی نشاندہی کی گئی جو اپنے لوگوں کو وابستہ رکھنے، انہیں ترقی کے مواقع فراہم کر کے ان کی صلاحیتوں سے استفادہ حاصل کرنے اور متنوع افرادی قوت کو اپنی جانب راغب کرنے پر مرکوز تھی۔
- برامپٹن کا شمار کینیڈا کے سب سے تیزی سے ترقی کرنے والے اور 9ویں بڑے شہر میں ہوتا ہے۔

اقتباسات

"سٹی آف برامپٹن کا شمار موجودہ اور سابقہ ملازمین کے لیے ایک پسندیدہ آجر کے طور پر ہوتا ہے اور ہماری کمیونٹی کو بنانے میں سٹی آف برامپٹن کے کردار میں دلچسپی رکھنے اور اس کی کاوشوں کے بارے میں جاننے والے لوگ اس کی قدر کرتے ہیں۔ فروبس کی جانب سے کینیڈا کے چوٹی کے آجر کے طور پر تسلیم کیے جانے پر ہم فخر محسوس کرتے ہیں!"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی آف برامپٹن کا شمار کینیڈا کے چوٹی کے آجرین میں ہوتا ہے اور برامپٹن کا شمار کینیڈا کی ایک انتہائی متنوع کمیونٹی میں ہوتا ہے۔ پچھلے سال کے دوران، ہم نے متعدد نئے اقدامات کا آغاز کیا جن میں پانچ سالہ ورک پلیس ڈائیورسٹی اینڈ انکلوژن اسٹریٹیجی اور ورک پلان شامل ہیں، جن سے ہماری تنظیم کو ہماری متنوع کمیونٹی کو پھولوں کے ایک خوبصورت گلدستے کی مانند بنانے میں بہت مدد ملے گی۔"

- *برکرات سنگھ، چیئر، کارپوریٹ سروسز؛ سٹی کونسلر وارڈز 9 اور 10، سٹی آف برامپٹن*

"ملک کے سب سے کم عمر، تیزی سے ترقی کرنے والے، انتہائی متنوع شہروں میں سے ایک کے طور پر ہم برامپٹن میں تبدیلی لا رہے ہیں۔ برامپٹن کو مستقبل کا ایک ابھرتا ہوا شہر بنانے کے لیے ہم نے اپنے مقصد اور سوچ کو بلند رکھا ہوا ہے۔ یہ بات انتہائی خوش آئند ہے

کہ فوربس نے ہماری کاوشوں کو تسلیم کیا ہے، جو ہماری ہر وقت مصروف عمل، بلند حوصلہ اور با اختیار ملازمین کی محنت کش ٹیم کی عکاسی کرتا ہے اور یہ ان ملازمین کے لیے ایک خراج تحسین ہے جو برامپٹن کی ترقی میں شب و روز مصروف ہیں۔"

- *ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

30--

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

میڈیا کنٹیکٹ

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca